اسٹیٹ اربن ڈیولپمنٹ ایجنسی

محکمہ مکانات وشہری ترقی

حکومت جموں وکشمیر

﴿اطلاع عام﴾

محکمہ مکانات وشہری ترقی حکومت جموں وکشمیر نے حکومت ہند کے تعاون سے ایک نئی فلاحی سکیم زیرِعنوان '**نیشنل اربن لیولی ہوڈ مشن**' ریاست کے ہر ضلع صدر مقام پر لاگو کرچکی ہے جس کے تحت ہر غریب لڑکے اور لڑکی جسکی عُمر اٹھارہ سال سے اوپر ہو مختلف پیشہ وارانہ کورسوں میں تربیت دی جائے گی۔ جسکا تمام خرچہ ریاستی ومرکزی سرکاریں مشترکہ طور پر برداشت کریں گی۔

علاوہ ازیں خواہش مند افراد جسکی سالانہ آمدنی ایک لاکھ روپے سے کم ہو اِس سکیم کے تحت کسی بھی مالی اِدارے یا بنک سے خود روزگار کمانے کی خاطر قرضہ حاصل کرسکتا ہے جسکے شرح سود پر محکمہ ھذا رعایت میہا کرے گی۔

اسلیئے ہر خواہش مند افراد جو اس سکیم کے تحت فایئدہ اُٹھانا چاہتے ہیں کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ اپنی نزدیکی ڈسٹرکٹ اربن ڈیولپمنٹ ایجنسی کے دفتر میں جلد از جلد اپنی درخواستیں جمع کروایں اور مزید جانکاری بھی حاصل کریں۔

جاری کردہ

جوائنٹ ڈایریکٹر (پلانگ)

محکمہ مکانات وشہری ترقی حکومت جموں وکشمیر